PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# بی او جی کا56واں اجلاس ختم ہوگیا

**لاہور،22نومبر2019ء :**

پاکستان کرکٹ بورڈ کے بورڈ آف گورنرز کا 56واں اجلاس جمعہ کو نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی کاروائی کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

**ملک میں ٹیسٹ کرکٹ کی واپسی:**

اجلاس میں سری لنکا کرکٹ کو ورلڈٹیسٹ چیمپئن شپ کے لیے ٹیم پاکستان بھجوانے پر رضامند کرنے پر پی سی بی کی قیادت کی تعریف کی گئی ہے۔ سری لنکا اور پاکستان کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ راولپنڈی (11-15دسمبر) اور دوسرا کراچی (19-23دسمبر) میں ہوگا۔پاکستان اور سری لنکا کے درمیان دسمبر میں دو ٹیسٹ میچز کا انعقاد مارچ 2009 کے بعد پاکستان میں پہلی بار ٹیسٹ کرکٹ کی بحالی ہوگی۔

بی او جی نے کرکٹ آسٹریلیا، انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ اور کرکٹ آئرلینڈ کے عہدیداران سے رابطے کی کوششوں کی تعریف کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہےکہ تینوں بورڈز کے ساتھ روابط کی کوششیں آسٹریلیا، انگلینڈ اور آئرلینڈ کی ٹیموں کی پاکستان آمد کو حتمی شکل دینے میں کارگر ثابت ہوں گی۔

اجلاس میں سری لنکا کرکٹ ٹیم سمیت بنگلہ دیش ویمنز اور بنگلہ دیش انڈر 16 کرکٹ ٹیموں کی پاکستان آمد کے دوران پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے بہترین انتظامات کو سراہاگیا۔ اجلاس میں اتفاق کیا گیا ہے کہ ان تمام سیریز کے کامیاب انعقاد سے دنیابھر میں پاکستان کاامیج بہتر کرنے میں مدد ملے گی۔

**ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020:**

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو وسیم خان نے اجلاس میں شریک اراکین کو ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے مکمل طور پر پاکستان میں انعقاد کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ اس حوالے سے تمام انتظامات مکمل ہیں۔ انہوں نے بتایا ہے کہ راولپنڈی اور ملتان میں

پہلی بار لیگ میچز کے انعقاد کے باعث پاکستان کرکٹ بورڈ کی انڈیپنڈنٹ سیکورٹی کنسلٹنٹ کمپنی ایسٹرن اسٹار انٹرنیشنلز 29 نومبر سے دونوں مقامات کا معائنہ کرے گی تاہم اسے لاہور اور کراچی کے وینیوز کا معائنہ کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ اس سے قبل بھی دونوں شہروں میں ایچ بی ایل پی ایس ایل کےمیچز کا انعقاد ہوچکا ہے۔

وینیوز کے معائنے کے بعد پاکستان کرکٹ بورڈ ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کی تاریخوں اور شیڈول کا باضابطہ طور پراعلان کرے گا تاہم انہوں نےایونٹ کے لے کھلاڑیوں کی ڈرافٹنگ6 دسمبر کو نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں ہونے کی تصدیق کی ہے۔

ایونٹ کے بہترین انعقاد کو حتمی شکل دینے کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے نگران کمیٹی قائم کردی گئی ہے۔ کمیٹی میں چیف ایگزیکٹو ، چیف آپریٹنگ آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور بورڈ کے سیکرٹری شامل ہیں۔ علاوازیں ڈائریکٹر کمرشل پی سی بی بابر حامد کی سربراہی میں ایک انتظامی کمیٹی کا اعلان بھی کردیا گیا ہے۔انتظامی کمیٹی میں پی سی بی کے تمام شعبوں کے نمائندگان شامل ہیں۔

**2019-20 ڈومیسٹک سیزن:**

اجلاس میں شامل اراکین کو14ستمبر سے شروع ہونے والےنئے ڈومیسٹک سیزن پر تازہ ترین صورتحال سے آگاہ کیا گیا ۔ گذشتہ 10 ہفتوں میں مندرجہ زیل ایونٹس کا انعقاد کیا گیا:

- قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون: کل 31 میں سے 24میچز کھیلے جاچکے
- قائداعظم ٹرافی سیکنڈالیون: کل 31 میں سے 30میچز کھیلے جاچکے
- قومی ٹی ٹونٹی کپ (فرسٹ الیون): 18 میچز کھیلے گئے، ناردرن فاتح رہا
- قومی ٹی ٹونٹی کپ (سیکنڈ الیون): 18 میچز کھیلے گئے، ناردرن فاتح رہا
- قومی انڈر 19 تین روزہ ٹورنامنٹ: 16 میچز کھیلے گئے، سندھ فاتح رہا
- قومی انڈر 19 ایک روزہ ٹورنامنٹ: 16 میچز کھیلے گئے، سندھ فاتح رہا
- قومی سہ فریقی ایک روزہ خواتین کرکٹ چیمپئن شپ: 7 میچز کھیلے گئے، پی سی بی بلاسٹرز فاتح رہی
- سکلز ٹو شائن انڈر 18 ٹی ٹونٹی ویمنز چیمپن شپ : کل 7 میں سے 6میچز کھیلے جاچکے

اجلاس میں شامل اراکین کو واضح کیا گیا کہ تین ٹیسٹ سنٹرز میں جاری ترقیاتی کام کے

باعث آپریشنل اور لاجسٹک انتظامات جاری رکھنے پیچیدہ ضرور تھا تاہم نوٹاس قانون، کوکابورا کے گیند کا استعمال، متوازی ٹیموں کا انتخاب، کرکٹ کی بہتر سہولیات اور میچز کی لائیواسٹریمنگ کے باعث کھیل کے معیار میں بہتری آئی ہے۔

دوران اجلاس اس امر پر اتفاق کیا گیا ہے کہ پچز کے معیار اور کیوریٹرز کی تربیت میں بہتری کے لیے مزید انتظامات کی ضرورت ہےاور اس حوالے سے پاکستان کرکٹ بورڈ آئی سی سی کے پچ کنسلٹنٹ اینڈی اٹکنسن سے رابطے میں رہا۔اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا ہےکہ تمام فرسٹ کلاس وینیوز پر کھلاڑیوں کے لیے جمنازیم کی سہولت لازمی ہونی چاہیے۔

**کرکٹ ایسوسی ایشنز کے لیے ماڈل آئین:**

بی او جی نے کرکٹ ایسوسی ایشنز کے لیے ماڈل آئین کی منظوری دے دی ہے۔ پی سی بی کے نئے آئین کے مطابق ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشنز کی جگہ کرکٹ ایسوسی ایشنز قائم کی جاچکی ہیں۔

ماڈل آئین پی سی بی کے 2019 کے آئین کی روح کے مطابق ہے۔ اس میں نہ صرف کرکٹ ایسوسی ایشنز کے مقاصد اور افعال کا تعین کیا گیا ہے بلکہ انہیں اپنے دائرہ اختیار میں کرکٹ کی ترقی کا ذمہ دار بھی قرار دیا گیا ہے۔ وہ اپنے دائرہ اختیار میں فرسٹ کلاس کرکٹ اور اپنے ماتحت سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز کے معاملات کے نگران بھی مقرر کیے گئے ہیں۔

ماڈل آئین کچھ دیر تک پی سی بی کی آفیشل ویب سائٹ پر شائع کردیا جائے گا۔

**پہلی سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز کا قیام اور حدود کا تعین:**

بی اوجی نے پہلی سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز کے قیام اور ان کے حدود کے تعین کی منظوری دے دی ہے۔ پی سی بی کے نئے آئین کی روشنی میں دی گئی اس منظوری کے بعد 16 ریجنز کی جگہ پر اب سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز کام کریں گی۔

منظور شدہ علاقائی تقسیم کے مطابق مندرجہ ذیل شہر (لاہور اور کراچی میں کچھ زونز شامل ہیں) اب پہلی کرکٹ ایسوسی ایشنز پر مشتمل ہوگا:

**بلوچستان(13):** گوادر، جعفرآباد، قلعہ عبداللہ(چمن)، خضدار، نصیر آباد، نوشکئی(چاغی)، لسبیلہ، لورالائی، پنجگور، پشین، کوئٹہ (کلات)، سبی اور تربت۔

**سنٹرل پنجاب (16):** بھکر، فیصل آباد، گجرانوالہ، گجرات، حافظ آباد، جھنگ، قصور، لاہور(ایسٹ زون)، لاہور (نارتھ زون)، لاہور (ویسٹ زون)، منڈی بہاؤ الدین، میانوالی، نارووال، سرگودھا، شیخوپورہ اور سیالکوٹ۔

**خیبرپختونخوا (19):** ایبٹ آباد، باجوڑ، بنوں، بونیر، چارسدہ، ڈیرہ اسماعیل خان(ٹانک)، ہری پور، خیبرایجنسی، کوہاٹ، لوئر دیر، کرم ایجنسی، مانسہرہ، مردان، مہمند ایجنسی، نوشہرہ، پشاور، صوابی، سوات اور اپر دیر۔

**ناردرن (11):** اٹک، باغ ہٹیاں، چکوال، گلگت بلتستان، اسلام آباد، راولپنڈی، جہلم، کوٹلی، میرپور، مظفرآباد، پونچھ - کہوٹہ۔

**سندھ (17):** بدین، حیدرآباد، جامشورو(ٹھٹھہ)، کراچی زون 1، کراچی زون 2، کراچی زون 3، کراچی زون 4، کراچی زون 5، کراچی زون 6، کراچی زون 7، خیرپور، لاڑکانہ، میرپور خاص، سانگھڑ، شہید بینظیرآباد، شکار پور اور سکھر۔

**سدرن پنجاب (14):** بہالپور، بہاؤلنگر، ڈیرہ غازی خان، لیہ، خانیوال، لودھراں، ملتان، مظفر گڑھ، اوکاڑہ، پاکپتن، رحیم یار خان، راجن پور، ساہیوال اور وہاڑی۔

مزید تفصیلات پی سی بی کی آفیشل ویب سائٹ پر جاری کردی جائیں گی۔

**پی سی بی اسٹریٹجک پلان (2019-2024):**

بی اوجی نے پی سی بی کے5سالہ اسٹریٹجک پلان برائے 2019-2024 کی منظوری دے دی ہے۔ پلان مندرجہ ذیل 6 نکات کے گرد گھومتا ہے:

- پائیدار گورننس
- عالمی معیار کی بین الاقوامی ٹیموں کی فراہمی
- گراس روٹ کرکٹ کا فریم ورک
- خواتین کرکٹ کے فروغ سے آئندہ نسل کو متاثر کرنا
- کمرشل آمدنی کے سلسلے میں اضافہ کرنا
- دنیا میں پاکستان کا امیج بہتر کرنا

پلان کی تمام تر تفصیلات جلد پی سی بی کی ویب سائٹ پر موجود ہوں گی۔

**دیگر امور:**

بی او جی نے قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ اور چیف سلیکٹر مصباح الحق کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے بعد ان کی اسپورٹ جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔

بی اوی جی کو آئی ایم جی ریلائنس کے قانونی معاملات کے بارے میں آگاہ کیا گیا ہے جس نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 2019 کے دوران پروڈکشن سروسز معاہدہ یکطرفہ طور پر ختم کردیا تھا۔ آئی ایم جی آر کو 21اکتوبر کو ایک قانونی نوٹس بھجوادیا گیا تھا جس کے بعدپی سی بی نےہرجانے کے دعویٰ کی غرض سے لندن کی ثالثی عدالت میں قانونی کاروائی کا آغاز کردیا ہے۔

بی او جی نے پاکستان ڈیف کرکٹ ایسوسی ایشن کے آئین کی منظوری دے دی ہے جو جلد پی سی بی کی آفیشل ویب سائٹ پر شائع کردیا جائے گا۔

بی او جی کو آگاہ کیا گیا ہے کہ نومیشن کمیٹی کا ابتدائی اجلاس 18 نومبر کو ہوا۔ اس کی فالو اپ میٹنگ 10 دسمبر کو ہوگی۔

بی او جی نے چیف آپریٹنگ آفیسر کا استعفیٰ منظور کرلیا ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ چیف ایگزیکٹو پی سی بی بورڈ میں موجود ایک ممبر کو چیف آپریٹنگ آفیسر کی ذمہ داریاں دیں گے۔

بی او جی کا آئندہ اجلاس پشاور میں ہوگا جس کی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

**بی او جی اجلاس میں شریک اراکین:**

احسان مانی، چیئرمین پی سی بی
وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی (بذریعہ ویڈیو لنک)
اسد علی خان، رکن
لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ مزمل حسین، رکن
کبیر احمد خان، رکن
محمد ایاز بٹ، رکن
شاہ ریز عبداللہ خان، رکن
شاہ دوست، رکن

اکبر درانی، غیرفعال رکن

عمران فاروقی نے اجلاس میں شرکت سے معذرت کرلی تھی۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4